## سوال

رمضان میں رات کو بیوی سے ہمبستری کی، سحری کا وقت ختم ہو رھا ہے کیا نہائے بغیر سحری کھا سکتا ہوں۔ جزاک اللہ خیر

## جواب

غسل جنابت کرنے کے بغیر سحری کھانا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ رمضان میں رات کو بیوی سے ہمبستری کی، سحری کا وقت ختم ہورہاہے کیا نہائے بغیر سحری کھا سکتا ہوں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جی ہاں نہائے بغیر سحری کھائی جا سکتی ہے۔ کیونکہ سحری کھانے کے لئے طہارت شرط نہیں ہے۔ ابو بکر بن عبد الرحمن سے روایت ہے کہ میں اور میرے والد، عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئے، تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمان کہ «اَشهَدُ عَلَی رَسُولِ اللَّهِ صَلَی اللَّه علیه و علی آله و سلم اِن کانَ لَیُصبِحُ جُنُباً مِن جِماعٍ غَیرِ اِحتَلَام ثُمَّ یَصُومُہُ : : : میں گواہی دیتی ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم احتلام کے سبب سے نہیں بلکہ جماع کے سبب سے حالت جنابت میں صبح کرتے اور غسل کیے بغیر روزہ رکھتے»، پھر ہم دونوں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنھا کے پاس آئے اور انہوں نے بھی یہی بات کی۔ صحیح البخاری، حدیث نمبر ١٩٣١ عائشہ رضی اللہ عنہا کے اِس بیان سے پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم جنابت کی حالت میں روزہ رکھ لیتے تھے اور یقینی بات ہے کہ نمازِ فجر سے پہلے غُسل فرما لیتے تھے۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی